اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

اعــــلامیــــہ

اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ایک اعلان کے مطابق ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام سالانہ سسٹم سائنس/آرٹس (سابقہ بی اے/بی ایس سی) کے دوسرے سالانہ امتحان 2021ء کے نتائج کا اعلان کیا جا چکا ہے۔ پہلا سالانہ امتحان 2022ء میں شامل ہونے کے خواہشمند امیدواران مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں۔

امتحانی شیڈول برائے پہلا سالانہ امتحان 2022ء

تاریخ انعقاد: 15 جون، 2022ء بروز بدھ (متوقع)

نوٹ:۔ پہلا سالانہ امتحان 2022ء کے امتحان میں صرف ایسے امیدوار ہی شامل ہو سکیں گے جو یونیورسٹی ہذا سے پہلے سے رجسٹر شدہ ہیں اور بطور امپرور/کمپوزٹ/فیل شدہ (جن کی سابقہ امتحان میں سپلی آئی ہو) امیدوار کے طور پر امتحان میں شامل ہونے کے خواہشمند ہوں۔

داخلہ فیس برائے پرائیویٹ و بیرونی/کالجوں کے سابقہ امیدواران

۱۔	بغیر لیٹ فیس کے ساتھ فارم و فیس وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	10 مئی 2022ء (بروز منگل)
۲۔	لیٹ فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	13 مئی 2022ء (بروز جمعہ)
۳۔	دو گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	17 مئی 2022ء (بروز منگل)
۴۔	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	03 جون 2022ء (بروز جمعہ)

۵۔ **سنگل فیس کے ساتھ ایک تا تین مضامین کے لئے داخلہ فیس برائے امتحان**

(i) بغیر پریکٹیکل مضامین = -/4000 روپے (ii) بمعہ پریکٹیکل مضامین = -/5000 روپے

۶۔ **سنگل فیس کے ساتھ تین سے زائد مضامین کے لئے داخلہ فیس برائے امتحان**

(i) بغیر پریکٹیکل مضامین = -/6000 روپے (ii) بمعہ پریکٹیکل مضامین = -/7000 روپے

۷۔ لیٹ فیس = -/2000 روپے

داخلہ فیس اور فارم تمام ضروری دستاویزات (رجسٹریشن کارڈ، انٹرمیڈیٹ کی سند، شناختی کارڈ) کی مصدقہ فوٹو کاپی کے ساتھ مقررہ تاریخ تک **امیدوار بذات خود ترجیحی بنیاد پر دفتر ہذا میں دستی جمع کروائیں** یا انتہائی مجبوری کی صورت میں بذریعہ ڈاک روانہ کریں تاکہ فارم میں کسی قسم کی غلطی کی صورت میں بروقت درستی کرائی جا سکے۔ نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد آنے والے داخلہ فارم قبول نہیں کئے جائیں گے اور اس امر کے لئے یونیورسٹی ذمہ دار نہ ہو گی۔

مورخہ 03 جون، **2022ء بروز جمعہ** کے بعد داخلہ فارم قطعاً وصول نہیں کئے جائیں گے۔ اور یونیورسٹی ایسے داخلہ فارم کے متعلق کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گی۔ پرائیویٹ و بیرونی مرد و خواتین امیدوار اپنے داخلہ فارم اور فوٹو یونیورسٹی/کالج ہذا کے مقرر کردہ پروفیسرز/لیکچرار جن کے نمونہ دستخط شعبہ ہذا میں موجود ہیں سے تصدیق کروانا ہوں گے۔ اگر کسی امیدوار کا داخلہ فارم/تصاویر مقرر کردہ پروفیسرز/لیکچرار کے علاوہ کسی اور سے تصدیق شدہ موصول ہوئے تو ان کے داخلہ فارم قبول نہیں کئے جائیں گے اور ان کو امتحان میں شمولیت کی اجازت نہ ہو گی۔

بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان اضلاع کے رہائشی مرد اور خواتین اپنے ہی ضلع کی حدود میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینے کے پابند ہونگے۔ بہاولپور ڈویژن کے باہر کے رہائشی مرد و خواتین امیدواروں کو بہاولپور شہر میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینا ہو گا۔ بہاولپور ڈویژن میں ضلع/تحصیل/سب تحصیل کی سطح پر حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچوں کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں سے داخلہ بھیجنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ فیس کی ادائیگی بذریعہ چیک/ڈرافٹ/پے آرڈر/آن لائن/منی آرڈر قابل قبول نہ ہو گی۔

تمام مرد و خواتین کو جو مذکورہ امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے داخلہ فارم کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، انٹرمیڈیٹ کی سند یا پاس رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی فراہم کریں تاکہ امتحان میں شریک ہونے کی اہلیت یا نااہلیت کا فیصلہ کیا جا سکے اور اہل امیدواروں کو رولنمبر سلپس بروقت ارسال کئے جا سکیں۔ نیز سابقہ امیدوار اپنے سابقہ رولنمبر (سیشن و ڈگری پروگرام) کا حوالہ (جو کہ آخری مرتبہ جاری ہوا تھا) داخلہ فارم پر ضرور تحریر کریں تاکہ ریکارڈ چیک کیا جا سکے۔ نیز کالج کے سابقہ طلباء و طالبات کو داخلہ فارم کے ساتھ رجسٹریشن کارڈ کی مصدقہ نقل منسلک کرنا لازمی ہو گا۔

نوٹ: مذکورہ بالا دوسرے سالانہ امتحان 2021ء میں فیل شدہ امیدواران یونیورسٹی کی جانب سے ارسال کردہ فیل فارم کو ہی مکمل کر کے دفتر ہذا میں واپس جمع کرانے کے پابند ہونگے تاکہ پہلے سالانہ امتحان 2022ء میں انکی شرکت یقینی بنائی جا سکے۔

۲۔ پہلا سالانہ امتحان 2022ء میں (آخری چانس کے بعد یا تمام مضامین میں فیل شدہ) تمام مضامین میں شامل ہونے والے (رجسٹرڈ) امیدواران کا آخری چانس پہلا سالانہ امتحان 2023ء تک ہو گا۔ اس امر میں امیدوار اپنے داخلہ فارم کے ساتھ بیان حلفی/اسٹامپ پیپر دینے کا پابند ہو گا۔ پرائیویٹ امپرور/ایڈیشنل و دیگر امیدواران کیلئے داخلہ فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.iub.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔

ڈپٹی کنٹرولر امتحانات

مورخہ: 25 اپریل 2022ء

Scanned with CamScanner